## سوال

(330) ٹیلیفون کی گھنٹی سن کر نماز توڑدینا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا ٹیلیفون کی گھنٹی سن کر نماز توڑدینا جائز ہے؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر نماز نفل نماز میں ہو تو اس مقصد کے لیے نماز توڑدینا جائز ہے مگر مکروہ اور ناپسندیدہ عمل ہے۔ اور اگر نماز فرض ہو تو نماز توڑنا جائز نہیں ہے، جیسے کہ اللہ عزوجل کا فرمان ہے: وَلَا تُبْطِلُوا أَعْمَالَكُمْ ۳۳ (محمد: 47/33) ''اور اپنے اعمال باطل مت کرو۔'' ہاں اگر محسوس ہو کہ یہ فون نہ سننے سے کوئی انتہائی شدید نقصان ہو سکتا ہے تو اس صورت میں نماز توڑدینا جائز ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

**صفحہ نمبر 281**

محدث فتویٰ